December 2022

NYC Commission on Human Rights

رمضان کے دوران مسلمانوں کی خدمت پر معمور ویکسینیشن کے مقامات کے لیے بہترین عملیاتی سرگرمیاں

ویکسینیشن کے مقامات یہ یقینی بنا کر کہ ان کی پالیسیز اور عملیاتی سرگرمیاں مسلمانوں کو اپنے مذہبی فریضے کی انجام دہی کے دوران ویکسینیشن حاصل کرنے کی اجازت دیتی ہوں، رمضان کے مہینے کے دوران COVID-19 ویکسین کی مساوی تقسیم کے آغاز میں تعاون کے لیے مدد کر سکتے ہیں۔ اس سال 12 اپریل کی شام سے لے کر 12 مئی کی شام تک رمضان کا مہینہ ہو گا۔

رمضان کے دوران، مسلمان طلوع آفتاب سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے اور پینے سے اجتناب کرتے ہوئے روزہ رکھتے ہیں۔ مسلمان روزے کے دوران ویکسینیشن حاصل کرنے یا نہ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

یہ وہ کچھ چیزیں ہیں جو ویکسینیشن کے مقامات ان مسلمانوں کے لیے خیرمقدمی اور معاونت پذیر فضا تشکیل دینے کی خاطر کر سکتے ہیں جو ویکسین لگوانا چاہتے ہیں:

- ایسی جگہ بنائیں کہ جہاں لوگ عبادت کر سکتے ہوں۔ مقام کو مختلف زبانوں میں واضح طور پر نشان زد ہونا چاہیئے، صاف ہونا چاہیئے، سماجی فاصلے کے لیے اس میں مناسب جگہ ہونی چاہیئے اور، اگر ممکن ہو، تو اسے عوامی نظر سے مخفی ہونا چاہیئے۔ مسلمان دن میں پانچ وقت نماز ادا کرتے ہیں: فجر (طلوع آفتاب کے وقت)، ظہر (نصف پہر کے بعد)، عصر (سہ پہر کے وقت)، مغرب (غروب آفتاب کے وقت)، عشاء (رات کے وقت)۔
- لوگوں کو ایسا طریقہ فراہم کریں کہ وہ ویکسین کے لیے قطار میں اپنی جگہ برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ نماز کی ادائیگی کے لیے بھی جا سکیں۔
- ان گھنٹوں میں خدمات فراہم کریں جب لوگ روزے کی حالت میں نہیں ہوتے (یعنی طلوع آفتاب سے پہلے یا غروب آفتاب کے بعد)۔
- متعدد زبانوں میں واضح علامات آویزاں کریں جو ریسٹ رومز تک جانے کے لیے لوگوں کی رہنمائی کریں جہاں وہ نماز کی تیاری کے لیے وضو کر سکتے ہوں۔
- مثال کے طور پر COVID19 کی صحت عامہ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے، ایک مختص کردہ جگہ پر، اور پینے کے پانی تک رسائی فراہم کر کے، آنے والے اشخاص کو کھانے اور پینے کے ذریعے روزہ افطار کرنے کے قابل بنائیں۔